سوال

(459) حمل کی حالت میں رطوبت کی وجہ روزے نہ رکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

ایک خاتون جو حمل سے تھی، ماہ رمضان آگیا تو وہ نویں مہینے میں تھی، مہینے کی ابتدا میں اسے پانی سا آنے لگا، خون نہیں تھا، اور وہ اس کیفیت میں روزے رکھتی رہی تو کیا اسے ان دنوں کی قضا دینی ہوگی جن میں اس نے اس حالت میں روزے رکھے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اگر صورت حال فی الواقع ایسی ہی تھی جو بیان کر گئی ہے، تو اس کے روزے بالکل صحیح ہیں، اس کے ذمے کوئی قضا وغیرہ نہیں ہے۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 358

محدث فتویٰ